توکل علی اللہ، دین سے گہری محبت اور وابستگی اور اسلام کی کامیابی کا یقین کامل پایا جاتا ہے اور انہیں پڑھ کر انسان کے جذبہ ایمانی میں حرارت پیدا ہوتی ہے۔ پروفیسر صاحب کا یہ تذکرہ زنداں، اسی نوع کے دوسرے تذکروں سے اس اعتبار سے مختلف ہے کہ یہ اُن کی ذات کے گرد ہی نہیں گھومتا بلکہ ذاتی تاثرات کو وہ بڑی خوبی سے تلی تاثرات میں تحلیل کرتے چلے جاتے ہیں۔ فنی اعتبار سے یہ بڑی کامیابی ہے۔ صاحب تصنیف کو اس کی تصنیف سے الگ نہیں کیا جا سکتا خصوصاً صاحب تصنیف اُس کے ذاتی مشاہدات و تاثرات کا مرقع ہو تو اُس کی شخصیت کا نمایاں ہونا ناگزیر ہے لیکن پروفیسر صاحب نے جس طرح اپنی شخصیت کو معرکۂ حق و باطل میں حق کا ایک سپاہی بنا کر گم کیا ہے یہ اُن کی بڑی کامیابی ہے۔ کتاب کی زبان بڑی ادبی ہے اور جو اشعار انہوں نے مختلف مقامات پر درج کیے ہیں اُن سے اُن کے اچھے شعری ذوق کا پتہ چلتا ہے۔ طباعت اور کتابت کا معیار نہایت اعلیٰ ہے۔

قرآن عربی زبان میں | تالیف: جناب عزیز الرحیم صاحب، معلم العربیہ، درسگاہ دینیات حیدرآباد

صفحات ۹۶ قیمت ایک روپیہ ۲ پیسے۔ مقامِ اشاعت پاکیزہ دار الکتب جیل روڈ، حیدرآباد

قرآن مجید کو سمجھنے سمجھانے کی ہر عہد میں لاتعداد کوششیں ہوئی ہیں اور جب تک دنیا قائم ہے ہوتی رہیں گی۔ زیر تبصرہ کتاب بھی قرآن مجید کی زبان کے ابتدائی اصول و قواعد سمجھانے کی ایک کامیاب کوشش ہے۔ اگر اس کتاب کو اچھی طرح پڑھ کر یاد کر لیا جائے تو اس کے بعد قرآن مجید کے مفہوم کو سمجھنے میں کافی سہولت ہو گی۔ فاضل مصنف نے اصولوں کو ذہن نشین کرانے کے لیے قرآن حکیم سے مثالیں پیش کی ہیں اور تمرین کا بیشتر حصہ بھی کلام ربانی پر مشتمل ہے۔

اُردو تنقید نگاری | مرتب: جناب سردار مسیح گل ایم، اے، ایم او، ایل لائبریرین، پنجاب پبلک لائبریری۔ معاون: جناب ایم، اے سلیم صاحب، ایم اے۔ شائع کردہ: اُردو لٹریچر کمپنی ۱ ایبکروڈ